Urdu

تارک وطن خاندانوں

کے لیے وسائل

اگر آپ ایسے تارک وطن نگراں (بشمول والدین، قانونی سرپرست، قانونی ولی یا دیگر رشتے دار) ہیں جسے یہ فکر لاحق ہے کہ امیگریشن انفورسمنٹ کی وجہ سے آپ اپنے بچے سے الگ ہو سکتے ہیں تو آپ آئندہ کے لیے منصوبہ بنانے میں مدد حاصل کر سکتے ہیں بذریعہ:

- مشورہ اور معلومات کے لیے ایک مفت اور بھروسے مند قانونی خدمات فراہم کنندہ کو کال کرکے۔
- ایک عارضی سرپرست کا انتخاب کر کے جو "بیک اپ" نگراں کے بطور بھی معروف ہے، مبادا آپ اپنے بچے کی دیکھ بھال کرنے سے قاصر ہوں۔
- ایک ہنگامی رابطہ منتخب کرکے اور ان کا فون نمبر زبانی یاد رکھ کر۔ یہ آپ کا کوئی بھروسہ مند فرد، بشمول آپ کے وکیل جیسا کوئی فرد ہونا چاہیے۔
- اپنے بچے کے اسکول میں ہنگامی رابطہ کو اپ ڈیٹ کر کے۔

مفت رازدارانہ ترک وطن سے متعلق مدد، بشمول عارضی سرپرست نامزد کرنے میں مدد کے لیے نیو یارک کے تارک وطن باشندے ActionNYC کو 1-800-354-0365 پر پیر تا جمعہ، 9 بجے صبح تا 6 بجے شام کال کر سکتے ہیں یا 311 پر کال کریں اور "ActionNYC" بولیں۔ ترک وطن سے متعلق ایسے خدمت فراہم کنندگان سے ہوشیار رہیں جو اپنے گاہکوں کا فائدہ اٹھاتے ہیں۔ صرف کسی بھروسے مند، لائسنس یافتہ اٹارنی یا الحاق یافتہ نمائندے سے مدد حاصل کریں۔

NYC
Mayor's Office of
Immigrant Affairs

اکثر پوچھے گئے سوالات

عارضی سرپرست کیا ہے؟

عارضی سرپرست ایک "بیک اپ" نگراں کے بطور کام کرنے والا فرد ہوتا ہے مبادا ابتدائی نگراں اس وجہ سے بچے کی دیکھ بھال کرنے سے قاصر ہو کیونکہ انہیں امیگریشن حکام نے گرفتار یا قید کر لیا ہے یا ملک بدر کر دیا ہے۔

کیا عارضی نگراں کا انتخاب کرنے سے میرے والدینی حقوق متاثر ہوتے ہیں؟

نہیں۔ عارضی سرپرست کا انتخاب کرنا والدینی حقوق سے دستبردار ہونے جیسا نہیں ہے۔ عارضی سرپرستی صرف تبھی مؤثر ہوتی ہے جب والدین اپنے بچے سے علیحدہ ہو جاتے ہیں۔

عارضی سرپرستوں کو کون سے اختیارات ہوتے ہیں؟ مجھے کسی کا انتخاب کیوں کرنا چاہیے؟

عارضی سرپرستوں کو اپنے زیر نگہداشت بچوں کے لیے اہم فیصلے کرنے کا اختیار ہوتا ہے، جس میں بڑے طبی فیصلے اور بچہ کہاں کے اسکول میں جائے گا جیسے فیصلے شامل ہوتے ہیں۔ عارضی سرپرست کا انتخاب کرنا اختیاری ہے اور اس سے آپ کے والدینی حقوق متاثر نہیں ہوں گے۔

عارضی سرپرست آپ کو اپنے بچے کے لیے ایک منصوبہ فراہم کرتا ہے کہ مبادا امیگریشن انفورسمنٹ آپ کو گرفتار یا قید کر لے یا آپ کو ملک بدر کر دیا جائے۔ عارضی سرپرست کا انتخاب کرنے سے یہ یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ آپ کا بچہ محفوظ ہے اور یہ کہ ان کی دیکھ بھال کرنے والے فرد کو بچے کے لیے درست فیصلہ کرنے کے لیے انہیں درکار تمام اختیار حاصل ہے۔

اگر آپ کو عارضی سرپرست کا انتخاب کرنے میں اطمینان نہیں ہے تو دیگر ایسے قانونی اختیارات موجود ہیں جن پر غور کرکے آپ یہ یقینی بنا سکتے ہیں کہ امیگریشن انفورسمنٹ کی صورت میں آپ کا بچہ محفوظ ہے۔ مزید جاننے کے لیے کسی بھروسے مند، لائسنس یافتہ اٹارنی یا الحاق یافتہ نمائندے سے بات کریں۔

اگر میں عارضی سرپرست منتخب نہیں کرتا ہوں اور میں گرفتار، محبوس ہو جاتا ہوں یا ملک بدر کر دیا جاتا ہوں تو کیا ہوتا ہے؟

عمومی طور پر بات کریں تو آپ کے بچے کو ایسے فرد کے ساتھ رکھوایا جائے گا جو تولیت حاصل کر سکتا ہے، فوسٹر کیئر میں نہیں رکھوایا جائے گا۔

تاہم، اگر وہ فرد عارضی سرپرست نہ ہو تو بچے کے لیے اہم فیصلے، بشمول طبی فیصلے کرنے کا ان کا اختیار محدود ہوگا۔

اپنا عارضی سرپرست بنانے کے لیے مجھے کس کا انتخاب کرنا چاہیے؟

آپ کو ایسے فرد کا انتخاب کرنا چاہیے جس پر آپ کو اپنے بچے کی دیکھ بھال کرنے کے حوالے سے بھروسہ ہو۔

عارضی سرپرست بننے کے لیے ترک وطن کی حیثیت کا کوئی تقاضا نہیں ہے۔ تاہم، دیگر مخصوص تقاضے موجود ہیں، لہٰذا دلچسپی رکھنے والے فریقوں کو اس بارے میں گفتگو کرنے کے لیے وکیل سے رجوع کرنا چاہیے کہ انہیں اپنے بچے کا عارضی سرپرست بننے کے لیے کس کا انتخاب کرنا چاہیے۔

جو شخص میرے بچے کی دیکھ بھال کرے گا اس کا انتخاب کرنے کے لیے کیا کوئی دیگر قانونی اختیارات موجود ہیں؟

تارک وطن نگرانوں کے پاس مستقبل کے لیے منصوبے بنانے میں مدد کے لیے اضافی اختیارات ہو سکتے ہیں اور انہیں مزید گفتگو کرنے کے لیے وکیل سے رجوع کرنا چاہیے۔